جب عوام نے دونوں گروپوں کا یہ وطیرہ دیکھا تو وہ اندھیرے میں رہنے لگے اس لیے کہ صحیح خبر نہیں حزب اختلاف کی صحیح خبر بھی اسی پیمانہ پر رکھی گئی کہ ذلیل کرنے کے لیے کہہ رہے ہیں اور حزب اقتدار تو پردہ پوشی کر ہی رہا تھا چنانچہ عوام بھلے برے کی پہچان کرنے سے عاجز ہو گئے۔ اور حزب اقتدار کا ہر رکن اپنی پشت پر برسر اقتدار پارٹی دیکھ کر لوٹ کھسوٹ میں لگ گیا اس سے ملک میں چور بازاری رشوت ستانی، حکومت کے ٹھیکوں میں نکما کام وغیرہ برائیاں پیدا ہوئیں اور ان سے افراط زر نے جنم لیا۔ اسی طرح جمہوریت کی وجہ سے ملک کا معاشی استحکام متزلزل ہو گیا۔

شعر و ادب

حمد باری تعالیٰ

تو ذوالجلال ہے تو خدائے قدیر ہے — یکتا ہے، لاشریک و علیم و بصیر ہے
توصیف لکھ رہا ہوں میں تیرے کمال کی — طاری دل و دماغ پہ کیف صریر ہے
گرداب حادثات میں گھر کر بھی اے خدا — دل ہے کہ تیرے ذکر سے راحت پذیر ہے
شاہ و وزیر و منعم و محکوم و حکمراں — جو شخص بھی ہے تیرے ہی در کا فقیر ہے
حاوی ہے تیرا علم قریب و بعید پر! — تو اعلم الغیوب و سمیع و بصیر ہے
حاصل ہو جس کو تیری محبت کی روشنی — دراصل آدمی وہی روشن ضمیر ہے

راسخ، کرم ہے اس کا شمیم بہارِ خلد!
اس کا عتاب شعلۂ نارِ سعیر ہے